Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________

Sig. of Invigilator: ____________

# اُردو (لازمی) ایس ایس سی-I

## حصہ اوّل (کُل نمبر:15)

وقت: 20 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچہ پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر1۔** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے نصابی کتاب کی روشنی میں درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) الطاف حسین حالی کو شمس العلماء کا خطاب کب ملا؟

الف۔ 1902ء　ب۔ 1904ء　ج۔ 1906ء　د۔ 1908ء

(ii) مصنف کے بقول کونسی جگہ بوسہ گاہِ خلائق بنی ہے؟

الف۔ غارِ حرا　ب۔ غارِ ثور　ج۔ جبلِ نور　د۔ جبلِ رحمت

(iii) بادشاہ سے گھر جانے اور واپس آنے کے بارے میں کس نے دریافت کیا؟

الف۔ ابراہیم ذوقؔ　ب۔ مرزا غالبؔ　ج۔ مومن خان مومنؔ　د۔ حکیم احسن اللہ

(iv) کس کھیل میں طبیعت پر زور پڑتا ہے؟

الف۔ ہاکی　ب۔ گنجفہ　ج۔ شطرنج　د۔ پولو

(v) ملکی پرندے اور دوسرے جانور، صنفِ ادب کے لحاظ سے کیسی تحریر ہے؟

الف۔ مضمون　ب۔ ڈرامہ　ج۔ افسانہ　د۔ داستان

(vi) 'رن کچھ' کے محاذ پر کس نے حصہ لیا؟

الف۔ بریگیڈیر ضمیر جعفری　ب۔ کرنل محمد خان　ج۔ میجر جنرل شفیق الرحمٰن　د۔ بہادر شاہ ظفر

(vii) حمد کے مطابق 'بندۂ نافرمان' کا کیا وصف بیان کیا گیا ہے؟

الف۔ گناہ گار　ب۔ غلط کار　ج۔ حمد سرا　د۔ قبضہ گیر

(viii) طوطی و بلبل کس کا ذکر کرتے ہیں؟

الف۔ گلاب کا　ب۔ چنبیلی کا　ج۔ رسول ﷺ کا　د۔ اللہ کا

(ix) نظیر اکبر آبادی کے مطابق 'سبحان تیری قدرت' کون پکارتا ہے؟

الف۔ نمازی　ب۔ حاجی　ج۔ طوطی و بلبل　د۔ تیتر

(x) علامہ اقبال کے والد محترم کا نام تھا:

الف۔ شیخ عطا محمد　ب۔ شیخ ظہور علی　ج۔ شیخ نور محمد　د۔ شیخ نور الدین

(xi) شاعر اضطراب کی حالت میں کہاں جاتا ہے؟

الف۔ مسجد میں　ب۔ ڈاکٹر کے پاس　ج۔ محبوب کے در پر　د۔ باغ میں

(xii) شاعر کو عمر دراز مانگنے پر کتنے دن ملے؟

الف۔ دو دن　ب۔ چار دن　ج۔ دس دن　د۔ بیس دن

(xiii) 'وہ بڑا تنگ دل ہے'۔ یہ کس کی مثال ہے؟ (قواعد کے مطابق)

الف۔ روزمرہ　ب۔ کنایہ　ج۔ مجازِ مرسل　د۔ تشبیہ

(xiv) قافیہ کی ________ ایک جیسی ہوتی ہے۔

الف۔ صوت　ب۔ صورت　ج۔ ہیئت　د۔ ادائیگی

(xv) صاحب کا حکم ________ آنکھوں پر۔

الف۔ میری　ب۔ ہماری　ج۔ سر　د۔ دل

---

برائے ممتحن:　کُل نمبر: 15　حاصل کردہ نمبر: ____



Result.pk

# اُردو (لازمی) ایس ایس سی-I

وقت: 2:40 گھنٹے — کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 60

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 34)

**سوال نمبر۲: الف۔** نصابی کتاب کی روشنی میں مندرجہ ذیل میں سے بارہ (12) اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x2=24)

(i) سلیم میاں کونسا امتحان دے کر فارغ ہوا تھا اور اس کا مشغلہ کیا تھا؟

(ii) بلبل بہت سے موسیقاروں سے کیوں بہتر ہے؟

(iii) مضمون نگار کے فیل ہونے پر اس کے والد صاحب نے اُسے کس طرح تسلی دی؟

(iv) سبق ''لہو اور قالین'' کے مطابق نیازی کی خودکشی کا سبب کیا تھا؟

(v) بیماری کے باوجود میاں دفتر جانے کے لیے کیوں تیار ہو جاتے ہیں؟

(vi) شیخ جمن نے فیصلہ سناتے ہوئے انصاف کے اصولوں کو کہاں تک پورا کیا؟

(vii) کس کا حق ادا کرنا سب سے مقدم ہے۔ نیز اس سے شاعر کی مراد کیا ہے؟

(viii) امیر مینائی کی کوئی سی دو تصانیف کے نام تحریر کریں۔

(ix) گلزار کے بھیگنے اور سبزے کے نہانے سے کیا مراد ہے؟

(x) غزل کے مطابق شاعر کی عمر کیسے بسر ہوتی ہے؟

(xi) مرزا غالب نے کلکتے کا سفر کیوں کیا؟

(xii) بہادر شاہ ظفر کی غزل کے دو وصف تحریر کریں۔

(xiii) 'زرِ کامل عیار' کی وضاحت کریں۔

(xiv) ہجرت کے موقع پر جناب امیرؓ کے ساتھ قریش نے کیا سلوک کیا؟

Result.pk

**ب۔** درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزا حل کیجیے: (5x2=10)

(i) مجازِ مرسل کی تعریف کریں اور ایک مثال دیں۔

(ii) مرکب تام سے کیا مراد ہے؟ مثال سے وضاحت کریں۔

(iii) مندرجہ ذیل محاورات کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ معنی واضح ہو جائیں

گراں بہا ، ہمہ تن

(iv) فریحہ ذہین طالبہ ہے۔ جملے کی ترکیب نحوی کریں۔

(v) ادبی پیرایۂ اظہار کی تعریف کریں اور ایک مثال دیں۔

(vi) درج ذیل الفاظ کے واحد، جمع لکھیں۔

دیہات ، قصہ

## حصہ سوم (کُل نمبر 26)

سوال نمبر۳۔ سبق، مصنّف اور اس کے متن کا مختصر حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کیجیے: (1/2+1/2+1+4=6)

الف۔ ''مرزا غالب کے اخلاق نہایت وسیع تھے۔ وہ ہر شخص سے جو اُن سے ملنے جاتا تھا، بہت کشادہ پیشانی سے ملتے تھے۔ جو شخص ایک دفعہ ان سے ملتا، اسے ہمیشہ ملنے کا اشتیاق رہتا تھا۔ دوستوں کو دیکھ کر باغ باغ ہو جاتے تھے اور ان کی خوشی سے خوش اور غم سے غمگین ہوتے تھے۔ اس لیے ان کے دوست، ہر مذہب اور ملت کے، نہ صرف دِلّی میں بلکہ تمام ہندوستان میں بے شمار تھے۔ جو خطوط انھوں نے اپنے دوستوں کو لکھے ہیں، ان کے ایک ایک حرف سے مہر و محبت، غم خواری و یگانگت ٹپکی پڑتی ہے''۔

ب۔ ''آپ مجھے نوازرہے تھے مگر ایک خاص مقصد کی خاطر اور وہ مقصد یہ تھا کہ آپ سوسائٹی کو بتانا چاہتے تھے، دیکھو میں کتنا اچھا ہوں، میں نے ایک غریب اور مفلس مصوّر کو اپنے ہاں پناہ دی ہے۔ اب یہ جو کچھ بنا رہا ہے محض میری سرپرستی کا نتیجہ ہے۔ میں نے اس کی صلاحیتوں کو زندہ رکھا ہے۔ ورنہ یہ کب کی ختم ہو چکی ہوتیں۔ جس طرح بڑی بڑی دکانوں کے دروازوں پر انسانی پیکروں کو نہایت خوبصورت اور شفاف لباس پہنا کر انہیں الماریوں کے اندر سجا دیا جاتا ہے تاکہ لوگ ان حسین و جمیل مجسموں کو دیکھ کر دکانداروں کے اعلیٰ ذوق اور ان کی شان و شوکت سے مرعوب ہو جائیں''۔

سوال نمبر۴۔ شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کیجیے: (1/2+1/2+2+2=5)

الف۔
صبا بے شک آتی مدینے سے تُو ہے
کہ تجھ میں مدینے کے پھولوں کی بُو ہے
سُنی ہم نے طوطی و بلبل کی باتیں
تیرا تذکرہ ہے، تری گفتگو ہے

ب۔
شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تُو
نا آشنا ہے قاعدۂ روزگار سے
ملت کے ساتھ رابطہ استوار رکھ
پیوستہ رہ شجر سے، اُمیدِ بہار رکھ

Result.pk

سوال نمبر۵۔ شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کیجیے: (1+2+2=5)

الف۔
بلبل کو باغباں سے نہ صیّاد سے گِلہ
قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں
ان حسرتوں سے کہہ دو کہیں اور جابسیں
اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغدار میں

ب۔
دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے
آخر اس درد کی دوا کیا ہے
ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار
یا الٰہی! یہ ماجرا کیا ہے

سوال نمبر۶۔ گاہک اور دکاندار کے درمیان مہنگائی کے موضوع پر مکالمہ تحریر کریں۔ (5)

(یا)

سکول میں منعقدہ 'جشنِ آزادی' کی تقریب کی روداد تحریر کریں۔

سوال نمبر۷۔ چھوٹے بھائی کو خط لکھ کر سچ بولنے اور جھوٹ سے بچنے کی تلقین کریں۔ (5)

-----1SA 1803 ----